14418 ـ نصرانی کودعوت اسلام کیسے دی جائے

سوال

میں انٹرنیٹ پربات چیت کے ذریعے ایک شخص کواسلام کی دعوت دے رہا ہوں جو ایک یورپی ملک میں رہتا ہے اس کی عمراٹھارہ 18 برس ہے میں نے اسے اسلام کے متعلق بعض چیزوں کا بتایا ہے لیکن محسوس یہ ہوتا ہے کہ اپنے دین پربہت سختی سے کاربند ہے اورآسانی سے مسلمان ہونے والا نہیں ۔
وہ پروٹسٹینٹ عیسائ ہے توکیا ممکن ہے کہ آپ کوئ اچھا سا طریقہ بتا سکتے ہیں جس پرچلتے ہوئے اسے دین اسلام کی دعوت دوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس سوال کاجواب دینے سے قبل میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مجھے سائل پربہت خوشی ہے کہ وہ جدید الیکٹرانک آلات کپیوٹروغیرہ کے ذریعہ دعوت الی اللہ کے کام میں مشغول ہیں جوکہ انبیاء ورسل کا کام ہے اس کام پرسائل کواللہ تعالی جزائے خیر عطا فرمائے اوراسے اپنے صالح اورنیک بندوں میں لکھے ۔

وہ سوال جوآپ نے پیش کیا ہے اس کے جواب میں ہم عرض کریں گے اس شخص اورہرایک کودعوت دینے کے لیے سب سے بہترین اوراچھا طریقہ وہ جس پراللہ تعالی کا قرآن مجید کچھ اس طرح دلالت کررہا ہے :

اوراہل کتاب کے ساتھ بحث و مباحثہ نہ کرو مگراس طریقہ پرجوعمدہ ہو العنکبوت (46) ۔

اورایک مقام پرقرآن مجید میں کچھ اسطرح فرمان ہے :

اپنے رب کی راہ کی طرف لوگوں کوحکمت اوربہترین نصیحت کے ساتھ بلایئے اوران سے بہترین طریقے سے گفتگو کیجیئے النحل (125) ۔

اوراس طریقے پردعوت دی جائے جس کا حکم اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کواس طرح دیا :

آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب ! ایسی انصاف والی بات کی طرف آؤ جو ہم میں اور تم میں برابر ہے کہ ہم اللہ تعالی کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں ، اورنہ ہی اللہ تعالی کے ساتھ کسی کوشریک بنائیں اورنہ ہی اللہ تعالی کوچھوڑ کرآپس میں ایک دوسرے کوہی رب بنائیں ۔۔۔ آل عمران (64) ۔

ـ آپ اسے فطرتی پکارکے تقاضہ اللہ تعالی کی توحید اورفطرت اورعقل کے منافی اورعقیدہ تثلیث کے ساتھ مخاطب کریں ۔

ـ آپ اس کے سامنے عیسی علیہ اوران کی والدہ کا مسلمانوں کے ہاں قدرمنزلت اورشان مرتبہ بیان کریں ، اوریہ بتائیں کہ وہ اللہ تعالی کا بندہ اوراس کے رسول اورکلمہ ہیں جواللہ تعالی نے مریم کی طرف ڈالا اوراللہ تعالی کی طرف سے روح ہیں ۔

ـ آپ اس کے لیے یہ بیان کریں کہ آدم علیہ السلام سے لیکر محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک اللہ تعالی کا دین ایک ہے جوکہ اسلام اوراختلاف صرف شریعت میں رہا اورمحمد صلی اللہ خاتم النبیین ہیں اوران کی کتاب قران مجید اس سے پہلے سب احکامات کی ناسخ اورصحیح عقائد اورخبروں کی تصدیق کرنے والی ہے ۔

ـ اس کے سوالوں کا جواب آرام اورسکون سے دیں ، اوراگرضرورت محسوس ہوتو اسے کچھ کتابیں احمد دیدات کی ویڈیوکسیٹیں بھی دیں ۔

اس سوال کا جواب فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر احمد عبدالرحمن قاضي نے دیا جوکہ جامعہ امام محمد بن سعود قصیم کے مدرس ہیں ۔

اوریہ بھی ممکن ہے کہ آپ اسے اسی ویپ سائٹ سےسوال نمبر (2690) جس کا عنوان ایک عیسائ کے ساتھ سنجیدہ بات چیت ہے بھی ای میل کریں ۔

واللہ اعلم .